## سوال

(210)نابالغ بچے کا حج

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نابالغ بچے کا حج

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عورت آئی اس نے پوچھا کہ کیا اس بچے پر حج ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہاں! اور تیرے لئے (تعاون کرنے کی وجہ سے) اس کا اجر ہے۔ (مسلم 1/432)

بلوغت کے بعد حج فرض ہوا تو بچپن کا حج کافی نہ ہوگا سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بچے نے حج کیا، بلوغت کے بعد (حج فرض ہونے کی صورت میں) اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ دوبارہ حج کرے۔

(ابن ابی شیبہ قال ابن باز اسنادہ حسن)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الحج، صفحہ: 268

محدث فتویٰ